مرثیہ

اے ایلچیٔ سرورِ ذیشاں ترے قرباں

درحال حضرت مسلم بن عقیلؑ

تعدادِ بند ۴

مرثیہ

اے ایلچیٔ سرورِ ذیشاں ترے قرباں اے کوفیوں کے مسلمِ مہماں ترے قرباں
اے فدیۂ دیں عاشقِ ایماں ترے قرباں تو سبطِ نبیؐ پر ہوا قرباں ترے قرباں
کیا کیا دکھ اٹھائے نہیں دنیائے دنی میں
موت آئی تجھے ہائے غریب الوطنی میں

کوفہ میں پھر اک عذر کا عنواں نظر آیا آپ آئے جدھر موت کا ساماں نظر آیا
مظلوم وہ غربت میں پریشاں نظر آیا محصورِ جفا کوفہ کا مہماں نظر آیا
آئی تھی خزاں کیسی گلستانِ جناں میں
پائی نہ اماں آپ نے ہانی کے مکاں میں

ہر کوچہ پہ پہرے تھے سرا سیمہ و مضطر حق سے کبھی کہتے تھے کہ اے خالقِ اکبر
مسدود ہیں سب راہیں کدھر جاؤں نکل کر اس شہر میں برگشتہ ہوا اپنا مقدر
غربت میں مخالف ستم ایجاد ہوئے ہیں
بچے مرے پردیس میں برباد ہوئے ہیں

لائے گئے مسلمؑ جو سرِ بام قضارا جلّاد نے تلوار سے سر ان کا اتارا
اے مومنوں سُننے کا نہیں اب تمہیں یارا کس طرح کروں بے ادبی کا وہ اشارہ
قاتل کو نہ کچھ خوفِ خدائے احد آیا
ہاتھوں میں تو سر کوٹھے کے نیچے جسد آیا

www.emarsiya.com